دعائے اسم اعظم

اس میں بعض قرآنی آیات اور چند مختصر ومفید دعائیں مذکور ہیں جو میں نے معتبر کتب سے منتخب کی ہیں۔ان میں اول یہ قرآنی آیات ہیں کہ جنہیں سید اجل سید علی خاں شیرازی (رح) نے کتاب کلم طیب میں نقل کیا ہے کہ اسم اعظم لفظ اللہ سے شروع اور لفظ ھُوَ پر ختم ہوتا ہے اس میں اسم کے حروف بلا نقطہ کے ہیں اور اس پر اعراب لگائیں یا نہ لگائیں، اسکی قرائت میں کوئی فرق نہیں پڑتا اور وہ قرآن کریم کی پانچ سورتوں یعنی سورہ بقرہ، آل عمران، نساء، طٰہٰ اور تغابن کی پانچ آیتوں میں موجود ہے۔شیخ مغربی کا فرمان ہے کہ جو شخص روزانہ گیارہ مرتبہ ان آیات کے پڑھنے کو اپنا ورد بنالے تو اسکی ہر چھوٹی بڑی مشکل بہت جلد آسان ہو جائے گی۔

بلندئ درجات : بیگم و سید وصی حیدر زیدی، تمثیل زہرا بنت سید علی قنبر زیدی
وجملہ مومنین و مومنات شہدائے ملت جعفریہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شروع اللہ کے پاک نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

۱- اَللّٰہُ لَاۤ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الۡحَیُّ الۡقَیُّوۡمُ

اللہ وہ ہے کہ جسکے سوا کوئی معبود نہیں وہ زندہ و قائم ہے

یہ آیت الکرسی ہے اسے تا آخر پڑھنا چاہیئے

۲- اَللّٰہُ لَاۤ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الۡحَیُّ الۡقَیُّوۡمُ نَزَّلَ

اللہ وہ ہے کہ جسکے سوا کوئی معبود نہیں وہ زندہ و قائم ہے

عَلَیۡکَ الۡکِتٰبَ بِالۡحَقِّ مُصَدِّقاً لِّمَا

اس نے تم پر کتاب برحق نازل کی جو اپنے سے پہلی کتابوں کی تصدیق کرتی ہے

بَیۡنَ یَدَیۡہِ وَاَنۡزَلَ التَّوۡرٰۃَ وَالۡاِنۡجِیۡلَ

اور اس نے انسانوں کی ہدایت کے لیے توریت و انجیل نازل کی

مِنۡ قَبۡلُ ھُدًی لِّلنَّاسِ وَاَنۡزَلَ الۡفُرۡقَانَ

اور اسی نے قرآن اتارا ہے

۳- اَللّٰہُ لَاۤ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ لَیَجۡمَعَنَّکُمۡ اِلٰی

اللہ وہ ہے کہ جسکے سوا کوئی معبود نہیں وہ ضرور تم سب کو قیامت

يَوْمِ الْقِيَامَةِ لَا رَيْبَ فِيْهِ وَمَنْ أَصْدَقُ
کے دن اکٹھا کرے گا اس میں شک نہیں بات کہنے میں اللہ تعالیٰ
مِنَ اللّٰهِ حَدِيْثًا
سے زیادہ سچا کون ہے
۴- اللّٰهُ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ لَهُ الْأَسْمَاءُ الْحُسْنٰى
اللہ وہ ہے کہ جسکے سوا کوئی معبود نہیں اسی کے لیے اچھے نام ہیں۔
۵- اللّٰهُ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ وَعَلَى اللّٰهِ
اللہ وہ ہے کہ جسکے سوا کوئی معبود نہیں اور مومن تو اللہ ہی پر
فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ
بھروسہ کرتے ہیں۔

برائے ترحیم

بیگم و سید وصی حیدر زیدی

سیّدہ تمثیل زہراء بنت سید علی قنبر زیدی

جملہ مومنین و مومنات و شہدائے ملت جعفریہ